

اسرائیلی حملے میں 10 فلسطینی سیکورٹی اہلکار شہید

غزہ (ایجنسیاں) جنوبی غزہ پٹی کے رفح شہر پر اسرائیلی حملے میں 10 فلسطینی سیکورٹی اہلکار ہلاک ہو گئے۔ فلسطینی سیکورٹی اور طبی ذرائع نے جمعرات کو بتایا کہ اسرائیلی طیاروں نے رفح کے مشرق میں تجارتی ٹرکوں پر رکھے سامان کی حفاظت کررہے اہلکاروں کے ایک گروپ کو نشانہ بنایا۔ حملے میں 10 فلسطینی سیکورٹی اہلکار ہلاک اور دیگر زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو بدھ کے روز یوروپی غزہ کے اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ اسرائیلی فوج نے ابھی تک اس واقعے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ فلسطینی سیکورٹی ذرائع کے مطابق اسرائیلی افسران نے پیشگی رابطہ کاری کے بعد مغربی کنارے سے تجارتی سامان کو جنگ زدہ جنوبی محصور علاقے میں داخل ہونے کی اجازت دے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ دو دنوں میں اس نوعیت کا دوسرا واقعہ ہے، کیونکہ پیر کی شب تجارتی اشیاء کے لئے حفاظتی اہلکاروں کو نشانہ بنا کرکئے گئے اسرائیلی فضائی حملے میں 9 افراد ہلاک ہوئے تھے۔

حماس ایک نظریہ ہے، اسے ختم نہیں کیا جاسکتا: اسرائیلی فوجی ترجمان

یروشلم (اے ایف پی) اسرائیلی فوج کے ترجمان ریئر ایڈمرل ڈینیئل ہگاری نے اسرائیل کی حماس کے خاتمے کے اسرائیلی عزائم کے حوالے سے کہا ہے' حماس کو ختم نہیں کیا جاسکتا۔ تاہم اس کے ساتھ ہی اسرائیل کی طرف نے اس پیدا ہوئے تاثر کہ اسرائیل نے حماس کے سامنے گھٹنے ٹیک دیے ہیں کا ازالہ کرنے کے لیے کہا کہ 'اسرائیل حماس کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔' اسرائیل پر 8 اکتوبر کو حماس نے ایک بے مثال حملہ کیا تھا،لیکن اس کے بعد اسرائیل کی طرف سے ساڑھے آٹھ ماہ سے جاری بدترین جنگ کے باوجود حماس کے حوالے سے اپنے اہداف کو پورا نہیں کرسکی ہے۔ حتیٰ کہ تمام تر کی گئی ہلاکتوں اور تباہی کے باوجود اپنے یرغمالیوں کو بھی حماس کی قید سے چھڑانے میں ناکام ہے۔ ریئر ایڈمرل ہگاری نے کہا کہ یہ کہنا ہے کہ ہم حماس کو مٹانے جارہے ہیں لوگوں کی آنکھوں میں ریت جھونکنے کے مترادف ہے۔ اگر ہم نے کوئی متبادل نہ پیش کرسکے تو حماس پھر سے ہمارے ساتھ ہی موجود ہوگی۔ فوجی ترجمان ڈینئیل 13 سے بات کر رہے تھے۔ ایڈمرل ہگاری نے کہا کہ حماس ایک نظریہ ہے اسے ختم نہیں کیا جاسکتا۔'اس بیان کے سامنے آنے کا اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے دفتر نے فوری جواب دیا اور اس بیان کو مسترد کردیا۔ نیتن یاہو کے دفتر نے کہا کہ ہم حماس کو تباہ کرنے کے لیے پرعزم ہیں، یقیناً اس میں اسرائیلی فوج بھی پرعزم ہے۔' دوسری جانب اسرائیلی فوج نے وزیراعظم کے دفتر کی طرف سے ردعمل کے بعد کہا ہے ایڈمرل ہگاری نے حماس کو ایک نظریے کے طور پر بیان کیا ہے جو واضح ہے اور بالکل صاف بات ہے۔' گویا فوج نے حماس کو ایک نظریے کے طور پر ہگاری کے بیان کرنے کی تائید مزید کی ہے۔ واضح رہے غزہ کی وزارت صحت کے مطابق اب تک 37396 فلسطینی اسرائیلی فوج کے ہاتھوں ہلاک ہو چکے ہیں۔ تقریباً 23 لاکھ کی آبادی بے گھر ہو چکی ہے۔ پورا غزہ تباہی کا منظر پیش کرتا ہے، لیکن اس کے باوجود ابھی جنگ جاری ہے۔

حزب اللہ سے نمٹنے کیلئے سبھی متبادل موجود: اسرائیلی فوج

یروشلم (ایجنسیاں) اسرائیلی فوج کے ترجمان ڈینئیل ہگاری نے انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ حزب اللہ سے نمٹنے کے لیے ہر چیز میز پر ہے اور اسرائیل تمام حالات کے لیے تیار ہے۔ ہگاری نے کہا کہ حزب اللہ لبنانی عوام کا استحصال کررہی ہے اور ان کو سچائی سے دور کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حزب اللہ کے سیکریٹری جنرل حسن نصر اللہ لبنان کو خطرناک راستے پر لے جارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ حزب اللہ لبنانیوں کے درمیان چھپی ہوئی ہے۔ اسرائیلی فوج خاص طور پر حزب اللہ کو نشانہ بناتی ہے اور اس کے ارکان کے ٹھکانوں کا علم رکھتی ہے۔ ہماری ترجیح حزب اللہ کے رہنماؤں اور ارکان کو نشانہ بنانا ہے، ہم نے گزشتہ اکتوبر میں جھڑپوں کے شروع ہونے کے بعد سے اب تک حزب اللہ کے 430 ارکان کو مارا ہے۔ ہگاری نے زور دیا ہے کہ ایران حزب اللہ کو آگے بڑھا رہا ہے اور خطے میں کشیدگی چاہتا ہے اور نصر اللہ خطے کو کشیدگی کی طرف لے جارہے ہیں۔ ہم لبنانی عوام سے نہیں لڑنا چاہتے بلکہ ہم حزب اللہ سے لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اسرائیلی فوج ہر طرح ک اقدامات کررہی اور حزب اللہ سے لڑنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے کہا ہم حزب اللہ کا مقابلہ کرنے کے لیے تمام حالات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ ہماری فوج مضبوط ہے اور لبنان کے ساتھ سرحدوں کی حفاظت کی ضمانت دے گی۔ واضح رہے اسرائیلی فوج نے منگل کو لبنان میں حملے کے آپریشنل منصوبوں کی منظوری کا اعلان کیا۔ لبنان اور اسرائیل کی سرحد پر حزب اللہ اور اسرائیلی فوج کے درمیان 8 ماہ سے زائد عرصے سے جنگ جاری ہے۔ غزہ کی پٹی میں سات اکتوبر کو اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ شروع ہونے کے بعد سے 8 اکتوبر سے حزب اللہ اور اسرائیل تقریباً روزانہ کی بنیاد پر بمباری کا تبادلہ کرتے ہیں۔ منگل کے روز اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں اعلان کیا ہے کہ سینئر اسرائیلی فوجی حکام نے شمالی کمان میں صورت حال کا ایک مشترکہ جائزہ لیا اور لبنان میں حملے کے لیے آپریشنل منصوبوں کی منظوری دی گئی۔ اس اعلان سے قبل اسرائیلی وزیر خارجہ یسرائیل کاٹز نے ہر قسم کی جنگ کی صورت میں حزب اللہ کو ختم کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ اسی دوران امریکی ایلچی آموس ہاکسٹین نے منگل کو بیروت پر زور دیا کہ حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان تنازع کو سفارتی طریقے سے اور جلد ختم کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ امریکہ بڑے پیمانے پر جنگ سے بچنا چاہتا ہے۔

فلسطین پر مختلف موقف کو مربوط کرنے کیلئے ریاض ٹریک موزوں ہے: بوریل

یوروپی یونین کا عرب ملکوں سے فلسطینی اتھارٹی کی حمایت کیلئے مشترکہ کمیٹی بنانے کا مطالبہ

ریاض (ایجنسیاں) یوروپی یونین کے خارجہ امور اور سلامتی کی پالیسی کے اعلیٰ نمائندے جوزپ بوریل نے کہا ہے کہ فلسطین کے مسئلہ پر مختلف موقفوں کو مربوط کرنے کے لیے موزوں ترین فریم ورک ریاض کا موقف ہے۔ انہوں نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینی اتھارٹی کی حمایت کے لیے ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دینے کے لیے عرب ملکوں کو یوروپی دعوت دی گئی ہے۔ 29 اپریل کو غزہ کی پٹی میں پیش رفت کے بارے میں مشترکہ غیر معمولی عرب اسلامی سربراہی اجلاس کی بنائی گئی وزارتی کمیٹی، وزرائے خارجہ اور یوروپی ملکوں کے نمائندوں نے ریاض میں اجلاس منعقد کیا تھا۔ اس اجلاس میں غزہ میں جنگ کے فوری خاتمے، دو ریاستی حل کو نافذ کرنے اور ضروری اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں فوری جنگ بندی، قیدیوں اور یرغمالیوں کی رہائی، غزہ میں جنگ کے خاتمے اور مشرقی القدس سمیت مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں تمام غیر قانونی یکطرفہ اقدامات اور خلاف ورزیوں کے خاتمے اور انسانی بحران سے نمٹنے کی کوششوں کی حمایت کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں اسرائیل فلسطین تنازع کے سیاسی حل تک پہنچنے کے لیے سیاسی راستے کی طرف بڑھنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ 27 مئی کو جوزپ بوریل نے اعلان کیا کہ اسے غزہ کی پٹی میں رفح کے ساتھ سرحدی مشن کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے مرکزی وزرا کی جانب سے اجازت مل گئی ہے۔ جوزپ بوریل نے کہا کہ سرحدی مشن کو مصر، فلسطینیوں اور اسرائیل کی حمایت کی ضرورت ہوگی۔ عرب وزارتی کمیٹی نے برسلز میں یورپی خارجہ امور کی کونسل کے سامنے ایک ویژن پیش کیا تھا جس میں جنگ بندی کا مطالبہ کیا گیا تھا اور فلسطینی ریاست کے قیام اور 6 ماہ کے اندر حتمی حیثیت کے مسائل کو حل کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

یہودیوں کے فلسطین پر 'حق' سے متعلق مصری مؤرخ کے بیان پر اسرائیلی ناراض

وسیم السیسی نے یہودیوں کے دعوے کو کیا مسترد

دبئی (ایجنسیاں) فلسطین کے علاقے غزہ کی پٹی میں جاری جنگ کے دوران اسرائیل میں انتہا پسند حلقے پورے غزہ پر قبضے اور فلسطینیوں کو مکمل طور پر بے دخل کرنے کے مطالبات کررہے ہیں۔ ان حلقوں کا دعویٰ ہے کہ فلسطین یہودیوں کی سرزمین ہے اور اس پر یہودیوں کا مذہبی حق ہے۔ اس حوالے سے مصر کے ایک دانشور اور مؤرخ وسیم السیسی نے یہودیوں کے اس دعوے کو مسترد کردیا ہے۔

انہوں نے مصری کابینہ کے انفارمیشن سینٹر کی طرف سے نشر کی گئی ایک ویڈیو میں کہا کہ "خدا نے تورات میں حضرت ابراہیم سے کہا کہ میں آپ کو آپ کے قیام کی زمین دیتا ہوں۔ یہ اس بات کی تصدیق ہے کہ ابراہیم علیہ السلام مقدس سرزمین کے لیے ایک اجنبی تھے جو یہودیوں کی سرزمین پر ان کے حق کی دلیل کو باطل کرتا ہے۔

انہوں نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ تورات کے مطابق مصر چھوڑنے کے بعد ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اہلیہ سے کہ کیونکہ میں نے مصر میں تمہاری وجہ سے بھلائی حاصل کی ہے اس لیے فلسطین میں مالک جرار میرے والد سے کہو کہ تم میری بہن ہو۔ یہ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ اس سرزمین میں اور بھی علاقے تھے جہاں ابراہیم علیہ السلام گئے"۔

اس طرح کے بیانات اکثر فلسطینیوں اور اسرائیلیوں کے درمیان تنازعہ کو جنم دیتے ہیں۔ غزہ میں جنگ چھڑنے کے بعد فلسطین پر ملکیت کے حوالے سے اسرائیلیوں اور فلسطینیوں کے درمیان سوشل میڈیا پر بحث چلتی رہتی ہے۔ اس پر مورخین، ماہرین، دانشور اور سیاسی مبصرین اپنی اپنی آراء کا بھی اظہار کرتے ہیں۔ وسیم السیسی جو ماضی میں بھی اس نوعیت کی بحث میں حصہ لے چکے ہیں کے اس تازہ بیان کے بعد اسرائیلی حلقوں کی طرف سے ناراضی کا اظہار کیا جارہا ہے جب کہ فلسطینی اسے اپنے دیرینہ اصولی موقف کی حمایت میں ایک نئی دلیل کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔

روسی صدر پوتن کا کم جونگ ان کو لیموزین کار کا تحفہ

ماسکو (ایجنسیاں) روسی صدر پوتن نے شمالی کوریا کے سپریم لیڈر کم جونگ ان کو ایک لگژری کار تحفے میں دی ہے۔ کم جونگ نے پوتن کے ساتھ اس گاڑی میں سفر کیا۔ روسی صدر ولادیمیر پوتن نے بدھ کے روز شمالی کوریا کا دورہ کیا جو گزشتہ 24 سالوں میں ان کا پہلا دورہ تھا۔ اس دوران پوتن نے کم جونگ اُن کو ایک پرتعیش اورس لیموزین تحفے میں دی، جو فوجی تعاون بڑھانے کے خدشات کے درمیان روس اور شمالی کوریا کے درمیان مضبوط ہوتی ہوئی شراکت کی عکاسی کرتی ہے۔ 71 سالہ روسی صدر نے کم جونگ کو اورس لگژری کار تحفے میں دیے۔ یہ دوسرا موقع ہے کہ شمالی کوریا کے رہنما نے پوتن سے گاڑی کا یہ ماڈل وصول کیا ہے۔

انگریزی اخبار کی رپورٹ کے مطابق لیموزین کار کے ساتھ صدر پوتن نے شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کو چائے کا سیٹ بھی تحفے میں دیا ہے۔ ملاقات کے دوران پوتن شمالی کوریا کے رہنما کو روسی ساختہ اورس کار میں سوار کرنے کے لیے لے گئے، جس سے ان کی دن بھر کی بات چیت ختم ہوئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ ستمبر میں کم جونگ کے دورہ روس کے دوران پوتن نے انہیں اورس موٹرز کی ایگزیکٹو کار کا ماڈل دکھایا تھا۔ ٹاس نیوز کے مطابق پوتن نے اس سے قبل فروری میں کم جونگ ان کو اورس تحفے میں دی تھی۔ تاہم اس وقت اس گاڑی کا ماڈل ظاہر نہیں کیا گیا تھا۔ کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے کہا، "جب جمہوری عوامی جمہوریہ کوریا کے رہنما ووسٹوچنی کاسموڈروم خلائی اڈے پر تھے، تو انھوں نے یہ کار دیکھی۔ اس دوران صدر پوتن نے اسے ذاتی طور پر کم جونگ کو دکھایا۔ جس کے بعد انھوں نے یہ کار دیکھی۔ "اسے بہت پسند کیا گیا، اس لیے فیصلہ کیا گیا کہ اسے کم جونگ کو بطور تحفہ دیا جائے گا۔ روس کا پہلا لگژری کار برانڈ اورس 2013 میں وزارت صنعت وتجارت کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت شروع کیا گیا تھا۔ اس منصوبے کا مقصد سرکاری اہلکاروں اور عام لوگوں دونوں کے لیے گاڑیاں تیار کرنا تھا۔ مجموعی طور پر، تحائف کے تبادلے اور دوستانہ بات چیت سے روس اور شمالی کوریا کے درمیان گہرے تعلقات کو تقویت ملتی ہے۔ اس تعلق نے مغربی ممالک کی طرف سے بین الاقوامی توجہ مبذول کرائی ہے، خاص طور پر یوکرین میں ماسکو کے جاری تنازعہ اور عالمی سلامتی کے لیے اس کی اہمیت کے پیش نظر۔

'نیتن یاہو پردے کے پیچھے بھی امریکہ کو تنقید کا نشانہ بناتے رہے'

دبئی (ایجنسیاں) اسرائیلی وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے سر پر ہر طرف سے پریشانیاں بڑھ رہی ہیں۔ وہائٹ ہاؤس میں ایک طوفان برپا کرنے والی ویڈیو کے بعد اسرائیلی میڈیا نے انکشاف کیا ہے کہ نیتن یاہو نے اس سے قبل امریکی صدر جو بائیڈن کی انتظامیہ پر کھلے عام تنقید کرنے کا فیصلہ کیا تھا حالانکہ ان کے وزراء اور مشیروں نے ایسا نہ کرنے کی سفارش کی تھی۔

چینلز 13 اور 12 نے اطلاع دی ہے کہ نیتن یاہو کی ویڈیو سے قبل ایک خفیہ میٹنگ ہوئی تھی جس میں انہوں نے واشنگٹن پر اسرائیل کو ہتھیاروں کی ترسیل روکنے کا الزام لگایا تھا۔ اس اجلاس میں قومی سلامتی کے مشیر زاچی ہنیگبی، اسٹریٹجک امور کے وزیر رون ڈرمر اور دیگر حکام شامل تھے۔ ان سب نے نیتن یاہو کے ارادے پر اعتراض کیا تھا۔ اسٹریٹجک امور کے وزیر رون ڈرمر پہلے نیتن یاہو کے ساتھ اس خیال پر بات کرنے کے بعد عوامی تصادم کے حق میں تھے لیکن انہوں نے وزیراعظم سے کہا کہ وہ اس وقت تک انتظار کریں جب تک کہ وہ اور ہنیبی وائٹ ہاؤس میں امریکی حکام سے ملاقات نہ کرلیں۔

وزیر دفاع گیلنٹ اور آرمی چیف آف اسٹاف ہرزی ہیلیوی نے تنازع کو عوامی سطح پر ظاہر کرنے کی مخالفت کی لیکن انہوں نے اس خدشے کے پیش نظر بند دروازوں کے پیچھے معاملات نمٹانے کو ترجیح دی کہ امریکہ کے ساتھ عوامی تنازع حماس اور حزب اللہ کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ واضح رہے منگل کو نیتن یاہو نے ایک ویڈیو شائع کی تھی جس میں انہوں نے امریکہ پر اسرائیل کی فوجی امداد روکنے کا الزام لگایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی انتظامیہ کی جانب سے اسرائیل کو ہتھیاروں اور گولہ بارود کو روکنا غیر معقول ہے۔ حکام نے 'ایکسیوس' کو بتایا ہے کہ بائیڈن کے سینئر مشیروں نے اس ویڈیو پر اپنے غصے کا اظہار کیا ہے۔ غصے کا اظہار ایک خط جو نیتن یاہو کو امریکی ایلچی اموس ہوچسٹین کے ذریعے ذاتی طور پر بھیجا گیا میں کیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بعد میں وہائٹ ہاؤس نے ایران سے متعلق اجلاس منسوخ کرکے مزید آگے بڑھنے کا فیصلہ کیا۔ اس اجلاس میں امریکی محکمہ خارجہ، پنٹاگن، امریکی انٹیلی جنس ایجنسیوں اور ان کے اسرائیلی ہم منصبوں کی شرکت طے تھی۔ ایک امریکی عہدیدار نے اس معاملے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ واضح کرتا ہے کہ اس طرح کے اقدامات کے نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ وہائٹ ہاؤس کی ترجمان کرین جین پیئر نے صحافیوں کو بتایا ہے میں یہ کہہ کر شروعات کرتا ہوں کہ ہم ایمانداری سے نہیں جانتے کہ نیتن یاہوکس کے بارے میں بات کررہے ہیں۔ اسلحے کی ایک مخصوص کھیپ کو چھوڑ کر اسرائیل کو اسلحے کی ترسیل میں کوئی اور روک نہیں ہے۔

اس کے علاوہ ایک سینئر اسرائیلی عہدیدار نے کہا ہے امریکی ناراض ہیں اور نیتن یاہو کی ویڈیو نے سنگین مسائل پیدا کیے ہیں۔ جس وقت ملاقات منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا تو کچھ اسرائیلی اہلکار پہلے ہی واشنگٹن جارہے تھے۔

فرانسیسی خاتونِ اوّل پر تبدیلی جنس کا الزام

خاتون صحافی اور یوٹیوبر کے خلاف مقدمہ

پیرس (ایجنسیاں) فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون کی 71 سالہ اہلیہ پر جنس کی تبدیلی کا الزام لگانے والی خاتون یوٹیوبرز کے خلاف ہتک عزت کے مقدمے کا آغاز ہوگیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دسمبر 2021 میں فرانسیسی خاتون اوّل بریجیٹ میکرون پر جنسی کی تبدیلی کا الزام یوٹیوبر امنڈائن رائے کے پروگرام 'ریاستی جھوٹ اور دھوکہ دہی' میں خاتون صحافی نتاشا رے نے لگایا تھا۔ یوٹیوب چینل پر نتاشا رے نے یہ بھی کہا تھا کہ بریجیٹ میکرون دراصل ایک مرد تھیں جن کا نام جین مشیل تھا اور بعد میں جنس تبدیل کروا کر خاتون بنیں اور وہ اپنے بچوں کے ساتھ بدسلوکی میں بھی ملوث ہیں۔ فرانسیسی خاتون اوّل نے ان الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے دونوں خواتین کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ درج کروایا تھا اور اب اس مقدمے کی باقاعدہ سماعت کا آغاز ہوگیا۔ آج ہونے والی سماعت میں امنڈائن رائے عدالت میں پیش ہوئیں اور مذکورہ انٹرویو کے حوالے سے سوالات کے جوابات دیئے جبکہ صحافی نتاشا رے نے بیماری کے باعث عدالتی کارروائی میں شرکت سے معذرت کرلی تھی۔ یاد رہے کہ اس کیس کا فیصلہ 12 ستمبر کو ہونا ہے۔

شادی کی تقریب کے بعد دلہن کی اچانک موت

قاہرہ (ایجنسیاں) مصر کی جنوبی گورنری المنیا میں پیش آنے والے ایک حادثے میں شادی کی خوشی اچانک ماتم میں بدل گئی۔ مصر کی منیا گورنری میں واقع بنی مزار سینٹر میں شادی کی رات دلہن اچانک وفات پا گئی۔ اس کی موت اس وقت ہوئی جب وہ سفید عروبی لباس میں ملبوس تھی۔ شہر کے ایک چرچ میں شادی کی تقریب کے دوران مدعو افراد یہ جان کر حیران رہ گئے کہ نینسی نامی دلہن کو شادی کی تقریب کے دوران انتہائی تکلیف محسوس ہوئی، اسے اسپتال لے جایا گیا، جہاں وہ حرکت قلب بند ہونے سے دم توڑ گئی۔ معائنے پر پتہ چلا کہ لڑکی کی عمر بیس سال کی تھی اور شادی کی تقریب ختم ہونے کے بعد اسے اچانک دل کا دورہ پڑا جس نے اس کی جان لے لی۔

قبرص-اسرائیل کی جنگ کا حصہ بننے سے دور رہے: حسن نصراللہ کا انتباہ

ایسی دھمکیوں پر یقینی طور پر رد عمل دیا جائے گا: قبرصی سفیر کا جواب

بیروت (ایجنسیاں) حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل حسن نصراللہ نے قبرص کو خبردار کیا ہے کہ وہ اسرائیل کی جنگ کا حصہ بننے سے دور رہے۔ حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل حسن نصراللہ کی جانب سے قبرص کو دی جانے والی دھمکیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے اسرائیل میں قبرصی سفیر کورنیلیس کورنیلیو نے کہا کہ نیکوسیا کی جانب سے یقیناً ردعمل سامنے آئے گا۔ قبرصی سفیر نے اس بات پر زور دیا کہ ان کے ملک اور اسرائیل کے درمیان تعلقات پہلے کبھی اتنے مضبوط نہیں تھے۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب نصراللہ نے قبرص کو اپنے ایئر پورٹس اور اڈوں کو اسرائیل کے لیے لبنان پر حملہ کرنے کے لیے کھولنے کے نتائج سے خبردار کیا اور دھمکی دی کہ یہ اقدام قبرص کو جنگ کا حصہ بنا دے گا۔ ہم جنگ کے ایک حصے کے طور پر قبرص سے بھی نمٹیں گے۔ حسن نصراللہ نے اپنی جماعت کو موصول ہونے والی معلومات کا انکشاف کیا ہے جس میں اشارہ کیا گیا تھا کہ اگر حزب اللہ نے اسرائیلی ایئر پورٹس کو نشانہ بنایا تو اسرائیل، جو قبرص میں ہر سال مشقیں کرتا ہے، لبنان پر حملہ کرنے کے لیے قبرص کے ایئر پورٹس اور اڈوں کا استعمال کرسکتا ہے۔ حسن نصراللہ نے اپنی پارٹی کی صفوں کے ایک سرکردہ رہنما کی یادگاری تقریب کے دوران کی گئی اپنی تقریر میں کے دوران ان خیالات کا اظہار کیا۔ یاد رہے، بحیرہ روم میں واقع چھوٹے جزیرے قبرص کے لبنان اور اسرائیل دونوں کے ساتھ قریبی تعلقات ہیں اور یہ لبنان سے تقریباً 200 کلومیٹر اور اسرائیل سے 340 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ برطانیہ کو قبرص کے دو اڈوں پر اب بھی خود مختاری حاصل ہے۔ قبرص پہلے برطانیہ کی ایک کالونی تھا اور معاہدوں کی بنیاد پر اس نے 1960 میں اس جزیرے کو آزادی دی تھی۔ حسن نصراللہ نے اپنی تقریر میں مزید کہا کہ جنگ چھڑنے کی صورت میں اسرائیل میں کوئی بھی جگہ ان کے جنگجوؤں کے میزائلوں سے محفوظ نہیں رہے گی۔ حسن نصراللہ کا بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب اسرائیلی فوج نے لبنان میں حملے کے لیے آپریشنل منصوبوں کی منظوری دینے کا اعلان کیا ہے۔ اسرائیلی وزیر خارجہ یسرائیل کاٹز نے منگل کے روز اس عزم کا اظہار کیا تھا کہ کسی بھی قسم کی جنگ شروع ہونے کی صورت میں حزب اللہ ختم کردیا جائے گا۔ حسن نصراللہ کے مؤقف کے بعد امریکی ایلچی آموس ہوچسٹین نے اسرائیلی حکام سے ملاقاتوں کے بعد منگل کو بیروت کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے کہا حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان تنازعات کو سفارتی طریقے سے اور جلد ختم کرنا چاہیے۔

مختصر خبریں

ایکواڈور میں پاور بریک ڈاؤن، 18 ملین شہری بجلی سے محروم

پورٹ او مورسبی (یو این آئی) جنوبی امریکی ملک ایکواڈور بجلی کے بریک ڈاؤن کی وجہ سے تاریکی میں ڈوب گیا۔ برطانوی خبر رساں ادارے (بی بی سی) کے مطابق گزشتہ روز ایکواڈور میں بجلی جانے سے اندھیرا چھا گیا جس کے سبب 18 ملین شہری بجلی سے محروم ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بجلی کی بندش کی وجہ سے دارالحکومت کوئٹو میں ٹرینوں کا نظام رک گیا اور ٹریفک لائٹس بند ہوگئیں جب کہ بجلی جانے سے تعلیمی نظام اور معمولات زندگی بھی متاثر ہوئے۔ رپورٹس کے مطابق بجلی کی یہ بندش کئی گھنٹے تک رہی جس پر حکومتی وزیر رابرٹو لوک نے بجلی کے نظام میں سرمایہ کاری کی کمی کو اس بریک ڈاؤن کی وجہ قرار دیا۔ رابرٹو لوک نے کہا کہ کئی سالوں سے بجلی کے نظام پر کوئی سرمایہ کاری نہیں کی اور آج اس کے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ ادھر کوئٹو کے میئر نے کہا کہ بلیک آؤٹ کی وجہ سے میٹرو کی بجلی بھی بند ہوگئی جس کا اپنا الگ نظام ہے، الیکٹریکل انرجی سسٹم میں خرابی کی وجہ سے بجلی کی بندش کا سامنا کرنا پڑا۔

یو اے ای مسلسل تیسرے سال امیر ترین افراد کا مسکن بننے کیلئے تیار

ابوظہبی (یو این آئی) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) مسلسل تیسرے سال امیر ترین افراد کا مسکن بننے جارہا ہے۔ ہنلی پرائیویٹ ویلتھ مائیگریشن کی رپورٹ کے مطابق رواں سال کے آخر تک دنیا بھر سے 6700 امیر افراد کے یو اے ای منتقل ہونے کی توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس فہرست میں دوسرے نمبر پر امریکا ہے جہاں دنیا بھر سے 3800 امیر افراد کی منتقلی متوقع ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے اس فہرست میں تیسرے نمبر پر سنگاپور ہے جہاں دنیا بھر سے 3500 امیر افراد کی منتقلی متوقع ہے۔ مزید برآں رواں سال ریکارڈ ایک لاکھ 28 ہزار امیروں کی نقل مکانی بھی متوقع ہے۔

جاپان کی اپوزیشن جماعت کی کشیدا کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش

ٹوکیو (یو این آئی) جاپان کی حزب اختلاف کی آئینی جمہوری پارٹی (سی ڈی پی) نے جمعرات کو وزیراعظم فومیو کشیدا کی کابینہ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی جس پر آج ووٹنگ ہونے کی امید ہے۔ جاپانی میڈیا نے تجویز کے مسودے کے حوالے سے یہ اطلاع دی۔ جاپانی نشریاتی ادارے این ایچ کے نے دستاویز کے مسودے کے حوالے سے کہا، "وزیراعظم فومیو کشیدا نے لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کے دھڑوں کے سیاسی فنڈز کے بارے میں سچائی ظاہر نہیں کی ہے اور رشوت کے ابھرنے کے مسئلے کے بارے میں ابھی تک کچھ نہیں کہا ہے۔ توقع ہے کہ جاپانی پارلیمنٹ کے ایوان زیریں کے مکمل اجلاس میں قرارداد کے مسودے پر ووٹنگ کی جائے گی۔ منگل کے روز حزب اختلاف کی نیپون اشیم نو کئی پارٹی نے جاپانی پارلیمنٹ کے ایوان بالا میں مسٹر کیشیدا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی۔ بحث کے دوران، حزب اختلاف کے رہنماؤں نے مسٹر کشیدا کے استعفیٰ اور ایک 'زیادہ قابل' جانشین کی تقرری کا مطالبہ کیا۔ جواب میں وزیراعظم نے حکومت کو درپیش ہنگامی کاموں پر روشنی ڈالی۔ اس ہفتے کے اوائل میں جاپانی براڈکاسٹر آساہی کی طرف سے شائع ہونے والے ایک سروے میں بتایا گیا ہے کہ مسٹر کیشیدا کی قیادت میں حکمران لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کی مقبولیت کی درجہ بندی 19 فیصد تک گرگئی ہے، جو 2001 کے بعد سب سے کم ہے۔

پاکستان: عمران خان کے سیاسی مشیر کا اغوا

لاہور (ایجنسیاں) پاکستان کی جیل میں قید سابق وزیراعظم عمران خان کے سیاسی مشیر کو صوبہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور سے مبینہ طور پر نامعلوم افراد نے اغوا کرلیا ہے۔ یہ اطلاع جمعرات کو میڈیا رپورٹس میں دی گئی۔ ایکسپریس ٹریبیون اخبار نے اطلاع دی ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شہباز گل کے بڑے بھائی غلام شبیر کو دو روز قبل نامعلوم افراد نے اس وقت اغوا کرلیا جب وہ اسلام آباد جارہے تھے۔ اس سلسلے میں کنہا پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ ایف آئی آر ان کے بیٹے بلال کی جانب سے درج کرائی گئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ شبیر رات گئے لاہور کے علاقے خیابان امین میں واقع اپنے گھر سے نکلے اور اسلام آباد کی طرف روانہ ہوئے۔ مزید معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ پی ٹی آئی پارٹی کے بانی 71 سالہ خان چند مقدمات میں سزا پانے کے بعد گزشتہ سال اگست سے جیل میں ہیں۔ ان کے خلاف 200 کے قریب مقدمات درج ہیں۔

چین: 23 سالہ دوشیزہ نے 80 سالہ شخص سے رچائی شادی

بیجنگ (یو این آئی) چین میں 23 سالہ دوشیزہ نے والدین سمیت خاندان بھر کی نفرت مول لیتے ہوئے 80 سالہ شخص سے شادی رچالی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق محبت کی یہ انوکھی کہانی چین کے صوبے ہیبی کے نرسنگ ہوم میں شروع ہوئی جہاں 23 سالہ ژیاؤ فانگ رضا کارانہ طور پر کام کررہی تھی کہ اس دوران ان کی ملاقات 80 سالہ مسٹر لی سے ہوئی۔ مسٹر لی اور ژیاؤ فانگ کے ایک جیسے مشاغل اور دلچسپیاں جلد ہی دونوں کی دوستی کی وجہ بن گئیں اور وقت کے ساتھ ساتھ کم عمر دوشیزہ مسٹر لی کی دانشمندی سے متاثر ہوکر ان سے محبت کر بیٹھیں اور دونوں نے شادی کا فیصلہ کرلیا۔ ژیاؤ فانگ کے اہلخانہ بیٹی کی ان کے دادا کی عمر کے شخص کیساتھ شادی کی لیے رضامند نہ ہوئے لیکن اس کے باوجود جوڑے نے علیحدگی کے بجائے ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا۔ چینی ویب سائٹ سوہو کے مطابق غیر معمولی جوڑے نے حال ہی میں ایک سادہ سی تقریب میں شادی کرلی ہے، جس میں لڑکی کے خاندان میں سے کوئی بھی شریک نہ ہوا۔ سوشل میڈیا پر دوشیزہ کی ایک ضعیف شخص سے شادی نے کئی سوالات کو جنم دے دیا ہے۔ متعدد صارفین نے دوشیزہ پر الزام لگایا کہ انھوں نے مسٹر لی سے شادی پیسوں کی خاطر کی ہے تاہم رپورٹس بتاتی ہیں کہ مسٹر لی اپنا گزر بسر پنشن پر کرتے ہیں اور وہ کسی جائیداد کے مالک نہیں ہیں۔ ژیاؤ فانگ کو مسٹر لی سے شادی کی صورت مالی ذمہ داری بھی خود اٹھانی پڑے گی لیکن اس سب کے باوجود ژیاؤ فانگ اس رشتے کو بخوبی نبھانے کو تیار ہیں۔